سالانہ امتحان 2016-17

سلیس اردو

حیدرآباد بورڈ

(حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات))

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) اللہ ہی ہمیں ہر قسم کی ۔۔۔۔۔۔ دیتا ہے۔

(الف) صحت (ب) دولت (ج) راحت (د) [illegible]

(ii) حضور اکرم ﷺ نے مشرکین مکہ کے ساتھ کیا سلوک کیا۔

(الف) فدیہ لیا (ب) بدلہ لیا (ج) قتل کردیا (د) معاف کردیا

(iii) زندہ ہے ہماری قوم کا دل، روشن ہے ہمارا۔۔۔۔

(الف) ملک (ب) ماضی (ج) مستقبل (د) ان میں سے نہیں

(iv) خلیفہ بننے سے پہلے حضرت عمر بن عبدالعزیز۔۔۔ زندگی بسر کرتے تھے۔

(الف) سادہ (ب) امیرانہ (ج) شاندار (د) درمیانہ

(v) متعصب کی مثال ایک۔۔۔۔ کی سی ہے۔

(الف) ظالم (ب) مظلوم (ج) جانور (د) جاہل

(vi) ترکی کی حکومت کو پہلے۔۔۔۔ کہا جاتا تھا۔

(الف) خلافت راشدہ (ب) خلافت عباسیہ (ج) خلافت عثمانیہ (د) خلافت اُمیہ

(vii) بہادر یار جنگ کی عمر صرف۔۔۔۔۔ سال تھی۔

(الف) 36 (ب) 38 (ج) 39 (د) 40

(viii) یکجہتی کے معنی ہیں۔

(الف) ایک طرف ہونا (ب) ایک ہونا (ج) نیک ہونا (د) ان میں سے نہیں

(ix) جرمن سیاح۔۔۔۔۔ زبانوں میں بات کرسکتا تھا۔

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) متعدد

(x) کم گو کے معنی ہیں۔

(الف) کم کھانا (ب) کم بولنا (ج) کم جانا (د) کم ملنا

(xi) لفظ تُحفہ۔۔۔۔۔۔ زبان کا لفظ ہے۔

(الف) فارسی (ب) ترکی (ج) عربی (د) اردو

(xii) آبدوز کشتی سائنس کا ایک نادر۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) تحفہ (ب) نمونہ (ج) شاہکار (د) ہتھیار

(xiii) علم کی جمع ہے۔

(الف) اعلم (ب) عالم (ج) علوم (د) علیم

(xiv) جس نظم میں اللہ پاک سے دعا مانگی جائے اسے۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) حمد (ب) نعت (ج) مناجات (د) قصیدہ

(xv) ملتِ بیضاء سے مراد ہے۔

(الف) مسلمان (ب) ہندو (ج) عیسائی (د) یہودی